## اسلام کیا ہے؟ اسلام کے نمایاں پہلوؤں پر نوٹ لکھیں۔

### اسلام:

**تعارف:** اسلام وہ دین ہے جو زندگی کے ہر پہلو سے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے اور انسانوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کی پیروی کریں، کیونکہ خدا کی اطاعت اور پیروی کے نتیجے میں زندگی کا جو نقشہ ابھرے گا وہ امن، سلامتی اور آسائش کی نعمتوں سے مالامال ہوگا۔ اس میں قلب کو سکون حاصل ہوگا نیز اس کو قبول کرتے، اس پر عمل پیرا ہونے کے نتیجے میں ابدی زندگی میں آسائش میسر ہوگی۔

**اسلام کے لغوی معنی:** اسلام کے لغوی معنی اطاعت کرنے، سر جھکانے، سر تسلیم خم کرنے اور مکمل سپردگی کے ہیں۔

**اسلام کے اصطلاحی معنی:** اللہ تعالیٰ کے احکامات کو ماننے، ان پر عمل پیرا ہونے اور رسولؐ کو آخری نبی ماننا، اسلام ہے۔

**قرآن کی روح سے اسلام کے معنی:** ~~اسلام~~ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین اسلام ہے۔ **(آل عمران: ۱۹)**

# انسانی زندگی میں دین کی اہمیت:

1- **فطری ضروریات:-** اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے جو انسان کی تمام فطری ضروریات پوری کرتا ہے اور ان کے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

← **قرآنی آیات:-** "اور دنیا سے منہ موڑ کر دینِ حنیف کی طرف کرلو جس پر اللہ نے انسان کو پیدا کیا"۔

2- **روحانی ضروریات:-** انسان روح اور جسم کا مرکب ہے، اس کی جسمانی ضروریات پوری کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے مادی وسائل پیدا کیے اور روحانی ضروریات پوری کرنے کے لیے انبیاء کرام مبعوث فرمائے۔

← **قرآنی آیات:** "کوئی ایسی قوم نہیں جس کو ڈرانے کے لیے ہادی نہ بھیجا ہو"۔


3- **توحید:-** اسلام انسان کو واحد لاشریک کی عبادت کرنا سکھاتا ہے۔ انسان کو واحدنیت کا درس دیتا ہے۔ یہ انسان کو بہت سارے خداؤں کے بجائے ایک خدا کا ماننے والا بناتا ہے۔

← **قرآنی آیات:** "ہم نے اس سے پہلے کوئی رسول تمہاری طرف نہیں بھیجا۔ پھر ہم نے وحی کے ساتھ اس کو بھیجا تا کہ تم میری عبادت کرو"۔

4- **مساوات:-** اسلام مساوات کا درس دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام مسلمان برابر کسی کو بھی رنگ، نسل، خطہ یا زبان کی بنیاد پر کوئی فوقیت نہیں۔

**قرآنی آیات:-** "بے شک تم سب میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ تقوی والا ہے۔"

5- **عدل وانصاف:-** اسلام عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔
**واقعہ:-** ایک بار ایک غیر مسلم عورت نے چوری کی تو آپ ﷺ نے اس کو ہاتھ کاٹنے کی سزا سنائی۔ بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس عورت کے حق میں آپ ﷺ کو سفارشات کیں تو آپ ﷺ تمام سفارشات رد کرتے ہوئے فرمایا: "اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔"



# اسلام کے نمایاں پہلو:- اسلام کے نمایاں پہلو مندرجہ ذیل ہیں۔

1- **توحید:-** اسلام انسان کو ایک خدا کا ماننے والا بناتا ہے۔ وہ انسان کو بہت سے خداؤں کے بجائے ایک خدا کا ماننے والا بناتا ہے۔ یہ اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے اس پر عمل پیرا ہوئے بغیر کوئی بھی شخص اسلام کے دائرے میں نہیں آ سکتا۔

**قرآن:-** "اور کہو اللہ ایک ہے" **(اخلاص-1)**

2- **جامعیت:-** اسلام ایک جامع دین ہے یہ زندگی کے ہر پہلو سے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ کسی خاص ملک، قوم یا خطہ کے لیے نہیں بلکہ تمام انسانوں کے لیے رہنمائی کا بہترین ذریعہ ہے۔

3- **ختم نبوت:-** اسلام وہ دین ہے جو اللہ نے اپنے رسول کے ذریعے اپنی قوم کی طرف بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کو آخری نبی بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ کو لوگوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا گیا۔ آپ ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں اور اس کے بعد کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔

**قرآن:-** "رسول ﷺ کو تم لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہے اور رسول ﷺ باپ نہیں تم میں سے کسی کے۔ **(النحل-19)**

4- **ہمہ گیر:-** اسلام ایک ہمہ گیر دین ہے جو زندگی کے ہر پہلو کے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

5- **آفاقیت:-** اسلام آفاقیت کا درس دیتا ہے۔
**قرآن:** "اور ہم نے تم کو دو جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا"

6- **عدل وانصاف:-** اسلام عدل وانصاف کا پیغام دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام مسلمان برابر ہیں کسی کو بھی رنگ، نسل یا زبان کی بنیاد پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔

**حدیث:-** آپ ﷺ نے فرمایا عجمی کو عرب پر اور عرب کو عجمی پر کوئی فوقیت نہیں بلکہ برتری کا معیار پرہیزگاری ہے۔ **(بخاری)**

7 **اعتدال:** اسلام اعتدال کا درس ہے۔ یہ زیادہ نہ ہو دنیا پرستی کا درس دیتا ہے اور نہ ہی بہت زیادہ دین سے دوری بلکہ میانہ روی کا حکم دیتا ہے۔

**نتیجہ:-** اسلام ایک کامل اور مکمل دین ہے جو زندگی کے ہر پہلو کے متعلق رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتا ہے۔ ~~جو دنیا اور آخرت دونوں کے لیے~~ اس پر عمل پیرا ہونے سے نہ صرف دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی کامیابی نصیب ہوگی۔